# علاقائی خبریں

01 ستمبر 2026

1:10 P.M.

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے ریاست کے وکلاء کے لیے سالانہ 5 لاکھ روپے تک کی کیش لیس طبی سہولت کا اعلان کیا ہے۔ یہ فائدہ ہائی کورٹ اور ضلعی عدالتوں میں فعال طور پر پریکٹس کرنے والے وکلاء کو دستیاب ہوگا۔ کل الہ آباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کی طرف سے منعقدہ ایک ایوارڈ تقریب میں وزیر اعلیٰ نے 400 ریاستی لاء افسران کو جدید ٹیکنالوجی سے جوڑنے کے لیے ٹیبلٹس دینے کا بھی اعلان کیا۔

बाइट.......

...................................................

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کل ریاست کی لوک آیکت تنظیم کے 50ویں یوم تاسیس کی تقریبات میں شرکت کی۔لکھنؤ میں منعقدہ تقریب میں وزیر اعلیٰ نے لوک آیکت انتظامیہ پر ایک یادگاری اور معلوماتی کتابچہ بھی جاری کیا۔اپنے خطاب میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ عوامی اعتماد پر پورا اترنا جمہوریت کا سب سے بڑا امتحان ہے۔

बाइट.......

...................................................

ریاست میں ای وی ایم اور وی وی پی اے ٹی کی پہلی سطح کی جانچ (ایف ایل سی) کے سلسلے میں کل 33 اضلاع کے انتخابی عہدیداروں اور ایف ایل سی

نگرانوں کے لیے لکھنؤ میں ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا کے سینئر ڈپٹی الیکشن کمشنر منیش گرگ اور ریاست کے چیف الیکٹورل آفیسر نودیپ رِنوا نے بھی ورکشاپ میں شرکت کی۔ چیف الیکٹورل آفیسر نے کہا کہ ای وی ایم کی پہلی سطح کی جانچ آئندہ انتخابات کی تیاریوں میں پہلا اہم قدم ہے۔

.................................................

ریزرو بینک آف انڈیا نے سائبر فراڈ اور متنازعہ لین دین کو روکنے کے لیے ایک نئے فریم ورک کا مسودہ جاری کیا ہے۔اس کے تحت بینک پورے اکاؤنٹ کے بجائے صرف متنازعہ لین دین کی رقم کو عارضی طور پر منجمد کر سکیں گے۔ یہ صرف اس صورت میں ممکن ہو گا جب ₹ 1,000 یا اس سے زیادہ کی غیر معمولی منتقلی کو خچر اکاؤنٹ یا سائبر فراڈ سے منسلک ہونے کا شبہ ہو۔مسودہ رہنما خطوط اگلے سال یکم اپریل سے نافذ العمل ہوں گے، لیکن بینک انہیں اس سے قبل اپنا سکتے ہیں۔

.................................................

وزیر اعظم نریندر مودی کے یوم پیدائش پر17 ستمبر سے شروع ہو رہے، سیوا سنکلپ ابھیان کے ایک حصے کے طور پر، ان کی کرما بھومی وارانسی سے ان کی جنم بھومی وڈ نگر تک ایک سیوا یاترا نکالی جائے گی۔ یہ اطلاع بھارتیہ جنتا یووا مورچہ کے قومی صدر ہیمانگ جوشی نے کل وارانسی میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے دی۔ انہوں نے کہا کہ سیوا یاترا کو وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ کی قیادت میں جھنڈی دکھا کر روانہ کیا جائے گا۔ یاترا کے دوران درخت لگانا، صفائی مہم، استفادہ کنندگان سے بات چیت، اسپتالوں میں پھلوں کی تقسیم، نیوٹریشن کٹس کی تقسیم اور تپ دق کے خاتمے سے متعلق خدمات کا کام انجام دیا جائے گا۔

.................................................

وقفے وقفے سے ہونے والی بارش اور ڈیموں سے پانی چھوڑنے کی وجہ سے ریاست میں کئی ندیوں کی آبی سطح میں اضافہ ہوا ہے ۔ سیلاب سے ہزاروں افراد متاثر ہوئے ہیں۔ ریاستی حکومت کے وزراء، عوامی نمائندے اور عہدیدار

سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں۔ شہری ترقی اور توانائی کے وزیر اے کے شرما نے کل ماؤ کے مدھوبن اور دوبھاری علاقوں میں سیلاب ریلیف کیمپوں کا معائنہ کیا۔ شاہجہاں پور میں، ریاستی وزیر نریندر کشیپ نےجلال آباد کے ایم ایل اے ہری پرکاش ورما کے ساتھ، کساری کے سیلاب سے متاثرہ گاؤں کا معائنہ کیا۔ اناؤ کے بھگونت نگر اسمبلی حلقہ میں ایم ایل اے آشوتوش شکلا نے 90 خاندانوں میں امدادی سامان تقسیم کیا۔ فتح پور کی ضلع مجسٹریٹ ندھی گپتا وتس نے بڈّاھار، سدنا پور اور بندکی فارم کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا سائٹ پر معائنہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ضلع انتظامیہ راحت اور بچاؤ کاموں میں سرگرم عمل ہے۔ دریں اثنا، محکمہ موسمیات نے مشرقی اتر پردیش میں 18 ستمبر تک بکھری بارش اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

..................................................